سنیے، آپ کا بچہ آپ سے کچھ کہہ رہا ہے

۱- جب میں کوئی اچھا کام کروں' حوصلہ افزائی کریں' مجھے کوئی انعام دیں۔

۲- مجھ سے جو وعدہ کریں اسے پورا ضرور کریں۔

۳- مجھے میرے دوستوں میں معزز بنائیں۔ کوئی چیز زیادہ مقدار میں لائیں جو میں ان کے ساتھ بیٹھ کر کھاؤں' یا استعمال کروں۔

۴- جب مجھ سے غلطی ہو تو پلیز' مجھ پر چیخیں چلائیں نہیں۔ نرمی سے مجھے میری غلطی بتادیں۔

۵- چھٹی کے دن مجھے بہن بھائیوں کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے ساتھ لے جائیں۔

۶- سزا دیتے وقت یہ بتانا نہ بھولیں کہ سزا کیوں دی جارہی ہے۔

۷- مجھے نکما' گدھا' بے وقوف کہہ کر نہ پکاریں۔

۸- مجھ سے چیزیں چھپا چھپا کر نہ رکھیں۔ اس طرح میں چوری کی طرف آسکتا ہوں۔

۹- مجھے اچھی کہانیاں سنانے کے لیے ضرور وقت نکالیں۔

۱۰- اپنے دوستوں میں ملنے جائیں تو ممکن ہو تو مجھے بھی ساتھ لے لیں۔

۱۱- اچھے اچھے معلوماتی کیسٹ اور سی ڈی اور وڈیو فلم اور کتابیں لا کر دیں۔

۱۲- میرے سوالات کا' کیسے ہی کیوں نہ ہو' نرمی سے جواب دیں' غصہ نہ ہوں۔

۱۳- مجھے سب کے سامنے برا بھلا نہ کہیں' تنہائی میں سمجھائیں۔

۱۴- آپ دونوں میرے سامنے آپس میں نہ جھگڑیں۔

۱۵- مجھے دوسروں سے مقابلہ کر کے نہ بتائیں کہ فلاں ایسا ہے اور فلاں ایسا ہے۔

۱۶- مجھ پر تنقید ذرا آہستہ مگر تعریف بلند آواز میں کریں۔

۱۷- میرے ماتھے پر آپ کا بوسہ مجھے فخر سے بھر دیتا ہے۔

۱۸- آپ یہ کیوں بھول جاتے ہیں کہ آپ بھی کبھی بچے تھے۔

(خیرخواہ)